| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حجۃ الاسلام حضرت مولانا قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ ولی کامل

بریلویوں کا اعتراف حق

مولوی نور بخش توکلی کا شمار بریلویوں کے جید اکابرین میں ہوتا ہے اور تذکرہ اکابر اہلسنت میں مولوی عبدالحکیم شرف قادری نے ان کو اپنے اکابر میں شمار کیا ہے۔انہوں نے مشائخ نقشبندیہ کے حالات پر ایک کتاب لکھی ہے اسی کتاب میں اپنے شیخ سائیں توکل شاہ انبالوی کا ایک خواب نقل کرتے ہیں ملاحظہ ہو:

حضرت مخدومنا توکل شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بر تذکرہ عاجز سے فرمایا کہ ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ تشریف لے جارہے ہیں ۔ میں اور مولانا محمد قاسم دیوبندی دونوں حضور ﷺ کے پیچھے دوڑے کہ جلد حضور تک پہنچیں ۔مولانا محمد قاسم صاحب تو وہاں اپنا قدم رکھتے تھے جہاں حضور رسول اکرم ﷺ کے قدم مبارک کا نشان ہوتا تھا۔

﴿تذکرہ مشائخ نقشبندیہ :ص 527 مشتاق بک کارنر لاہور﴾

الحمدللہ قارئین کرام اس مبارک خواب سے آپ اندازہ لگالیں کہ حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کس قدر نبی ﷺ کی سنتوں اور پیروی کے پابند تھے کہ آپ کا کوئی بھی قدم نبی ﷺ کے نقش قدم مبارک کے خلاف نہ پڑتا ۔ہم یہاں اس قسم کے واقعہ کی تشریح بریلوی شیخ الحدیث والتفسیر مولوی فیض احمد اویسی کے الفاظ میں کرتے ہیں ملاحظہ ہو:

”ہر ولی کے قدم نبی کے قدم پر ہوتے ہیں اور میرا قدم میرے جد مکرم ﷺ کے قدموں پر ہے حضور کا قدم اٹھتے ہی میں نے اپنا قدم آپ کے نشان پر رکھا۔میرا یہ قدم اقدام نبوت پر ہوتا ہے اس مقام کو نبی کے بغیر کوئی نہیں پا سکتا اور یہ بات جناب غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کیلئے خاص تھی ۔

﴿تحقیق الاکابر فی قدم الشیخ عبدالقادر:ص ۲۱، مکتبہ اویسیہ بہاولپور﴾

ہم سمجھتے ہیں کہ سائیں توکل شاہ صاحب کے اس خواب پر اس سے بہتر تبصرہ نہیں کیا جاسکتا مولوی فیض اویسی نے حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے اس بات کو نقل کیا ہے کہ ہر ولی کا قدم نبی پاک ﷺ کے قدم پر ہوتا ہے اور آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کا قدم بھی نبی ﷺ کے قدم پر ہی تھا مگر یہاں بریلویوں کو ایک عقدہ حل کرنا ہوگا کہ جب اس مقام کو سوائے

پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ کے کوئی اور حاصل نہ کر سکا تو حضرت نانوتوی نے اس مقام کو کیسے پالیا؟؟؟۔ بینوا وتوجروا

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوبات میں ''ولایت محمدیہ ﷺ'' کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

اس طرح کہ ولایت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام والتحیہ کے اولیاء کے اجسام طاہرہ کو بھی اس ولایت کے درجات کمالات سے حصہ ملتا ہے''۔

اب وہ اولیاء اللہ کون ہیں جنہیں یہ مقام حاصل ہوتا ہے؟ آگے خود اس کی وضاحت کرتے ہیں کہ:

''اور وہ اولیاء جو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی کمال متابعت سے موصوف ہیں اور آپ کے قدم مبارک کے نیچے چلتے ہیں انہیں بھی اسی مرتبہ مخصوصہ سے حصہ ملتا ہے''۔

﴿مکتوبات: دفتر اول، حصہ سوم، مکتوب نمبر ۱۳۵، مترجم مولوی سعید احمد بریلوی﴾

اس حوالے کو تذکرہ مشائخ نقشبندیہ میں حضرت مولانا قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کے واقعہ سے ملائیں تو نتیجہ خود ظاہر ہو جائے گا کہ حضرت حجۃ الاسلام ''ولایت محمدیہ'' سے متصف تھے۔ فللہ الحمد۔

www.RazaKhaniMazhab.com

www.HaqqForum.com

www.Youtube.com/RazaKhaniMazhab

تذکرہ
مشائخ نقشبندیہ
مصنف
علامہ محمد نور بخش توکلی

کے بدن مبارک کی طرف غور جو کیا۔ تو نظر آیا کہ آپ کو سانس مطلق نہیں آتا۔ تقریباً دس یا
منٹ تک یہی حال رہا۔ میں نے پریشان ہو کر سائیں محمد علی شاہ سے کہا کہ دیکھو تو حضرت کو
نہیں آتا۔ ہم اسی گفتگو میں تھے کہ حضور جاگ اٹھے اور آنکھ کھول کر فرمایا۔ کیا باتیں کر رہے
میں نے وہ واقعہ عرض کیا۔ آپ نے فرمایا۔ ہاں ہم مدینہ شریف گئے ہوئے تھے۔ میں نے
میں خیال کیا کہ شاید آپ خواب میں مدینہ شریف تشریف لے گئے ہوں۔ حضرت علیہ الرحمۃ
باطن سے میرے اس خطرہ پر آگاہ ہو کر فرمایا۔ مولوی صاحب! اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے
بھی موجود ہیں جو نظر اٹھانے میں مدینہ شریف پہنچ جاتے ہیں۔ اور نظر نیچی کرنے میں یہاں
آجاتے ہیں۔

...ب کی کیفیت:

شیخنا العلامہ مولانا مولوی حاجی حافظ مشتاق احمد صاحب چشتی صابری ادام اللہ تعالیٰ
لکھتے ہیں۔ کہ حضرت مخدومنا توکل شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بر سبیل تذکرہ عاجز سے
... ایک مرتبہ خواب میں یہ دیکھا کہ حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے جا ر
...ہیں۔ میں اور مولانا محمد قاسم دیوبندی دونوں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے دوڑے کہ
حضور تک پہنچیں۔ مولانا محمد قاسم صاحب تو وہاں اپنا قدم رکھتے تھے جہاں حضور رسول اکرم صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم مبارک کا نشان ہوتا تھا۔ مگر میں بے اختیار جا رہا تھا۔ آخر مولانا سے
... گیا اور پہنچ گیا۔

...شریف کی برکت:

مولانا ممدوح اس طرح تحریر فرماتے ہیں۔ عاجز محمد مشتاق احمد نے حضرت عارف
سائیں توکل شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو بارہا اس حالت میں دیکھا ہے کہ حضرت ممدوح بعد نماز عصر
...یف پڑھا کرتے تھے۔ اللّٰھمّ صلّ علی سیّدنا محمد وعلی ال سیّد نا
...بعدد کلّ ذرّۃ مائۃ اَلْفِ اَلْفِ مرۃ۔ پڑھتے پڑھتے بعض وقت حضوری ہو جاتی تھی
...تیار سر زمین پر جھکا دیتے تھے۔ گویا بے ہوش ہو جاتے تھے۔ عجیب فیض اس وقت وارد

تحقیق الاکابر
فی قدم
الشیخ عبد القادر
از قلم

فائدہ

یہ جاننا ضروری ہے کہ بعض بزرگان دین نے حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں مختلف روایات بیان کی ہیں جو آپ کی ذات کے ساتھ مخصوص تھیں مگر بعض روایات مطلق تھیں چونکہ آپ سید الاولیاء ہیں آپ کے لئے تقدم وتاخر کی روایات حضرت خضر علیہ السلام کے علاوہ بھی واقع ہوئی ہیں اور آپ کی فضیلت متقدمین ومتاخرین مشائخ دونوں پر یکساں وارد ہوتی ہیں۔ یہ بات واضح ہے کہ شہود عدول کی مثبت زیادت راجح ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی حکایات اور معاملات کی تمام اولیائے وقت نے تائید وتوثیق کی ہے۔اس طرح کی تعظیم کسی دوسرے ولی اللہ کو نصیب نہیں ہوئی۔ آپ کے مناقب اور مآثر اتنے زیادہ ہیں کہ بہجۃ الاسرار اور دوسری ہزاروں کتابیں ان سے بھری پڑی ہیں-----

یاد رہے کہ قدم کے آگے سر رکھنے کے بارے میں بعض لوگوں کو اختلاف ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ محض ناسمجھی ہے ورنہ حضور غوث اعظم دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی وضاحت خود فرمائی ہے کہ :

ہر ولی کے قدم نبی کے قدم پر ہوتے ہیں اور میرا قدم میرے جد مکرم ﷺ کے قدموں پر ہے۔ حضور کا قدم اٹھتے ہی میں نے اپنا قدم آپ کے نشان پا پر رکھا ہے۔ میرا یہ قدم اقدام نبوت پر ہوتا ہے اس مقام کو نبی کے بغیر کوئی نہیں پا سکتا اور یہ بات جناب غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے خاص تھی۔ اور آپ ہی کو نصیب ہوئی۔ تحقیقی جائزہ کے مصنف نے اسے عام رکھ کر سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان گھٹانے کی سعی ناکام کی ہے' اس کا انجام ان شاء اللہ تعالیٰ عنقریب دیکھ لے گا۔ کیونکہ اولیاء کے گستاخ کا انجام برا ہوتا ہے' بالخصوص سید الاولیاء سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گستاخ کی تباہی تو اور زیادہ عبرت ناک ہے-----

بہر حال فقیر نے اس رسالہ میں صرف اور صرف اثباتی پہلو سامنے رکھ کر یہ رسالہ تیار کیا

امام ربانی
مترجم
ABID

اور ایک بات جو ذہن میں رکھنی چاہیئے یہ ہے کہ ولایتِ خاصہ محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ عروج ونزول کے تمام طریقوں میں دُوسرے تمام مراتب وولایت سے ممتاز اور الگ ہے۔ جناب عروج میں تو اس طرح کہ لطیفہ اخفیٰ کی فنا اور اس کی بقاء اسی ولایتِ خاصہ کیساتھ مختص میں ہے۔ باقی تمام ولایتوں کا عروج اپنے درجات کے فرق کے مطابق صرف لطیفۂ خفی تک ہے۔ یعنی بعض اربابِ ولایت کا عروج مقام رُوح تک ہے۔ اور بعض کا عروج سِر تک۔ اور کچھ دُوسروں کا عروج لطیفۂ خفی تک ہے۔ اور یہ ولایت عامہ کے درجات کی آخری حد ہے۔ اور جانب نزول میں اس طرح کہ ولایت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے اولیا کے اجسام عامرہ کو بھی اس ولایت کے درجاتِ کمالات سے حصہ ملتا ہے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو شب معراج جہاں تک خدا تعالےٰ نے چاہا جسدِ عنصری کیساتھ عروج حاصل ہُوا۔ اور آپ پر جنت اور دوزخ پیش کئے گئے۔ اور اللہ تعالےٰ نے جن علوم کی وحی آپ پر نازل کرنی تھی نازل کی۔ اور وہاں آپ حق تعالیٰ کی رویت بصری سے مشرف کئے گئے۔ اور اس طرح کی معراج حضور سید الصلوٰۃ والسلام کے لئے خاص ہے۔ اور وہ اولیاء جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کمال متابعت سے موصوف ہیں اور آپؐ کے قدم مبارک کے نیچے چلتے ہیں انہیں بھی اسی مرتبۂ مخصوصہ سے حصہ ملتا ہے۔ مصرعہ: وللارض من کاس الکرام نصیبٌ۔ کریم لوگوں کے پیالے میں زمین کا بھی حصہ ہے۔ اس باب میں آخری بات یہ ہے کہ دُنیا میں رویت کا وقوع حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ خاص ہے۔ اور جو اولیاء کرام آپؐ کے قدم کے نیچے ہیں انہیں جو حالت نصیب ہوتی ہے وہ رویت کی حالت نہیں۔ اور رویت اور اس حالت میں فرق اصل اور فرع اور شخص اور اس کے سایہ کا فرق ہے۔ رویت اور یہ حالت ایک دُوسرے کا عین نہیں۔

مکتوب نمبر ۱۳۶

یہ مکتوب بھی مُلا محمد صدیق کی طرف صادر فرمایا:

تسویف (یعنی نیک کام میں ٹال مٹول) اور مطلوبِ حقیقی کے حصُول میں تاخیر سے روکنے کے بیان میں۔

آپ کا مکتوب مرغوب موصول ہُوا۔ چونکہ قاصد رمضان المبارک کے آخری عشرہ متبرکہ میں پہنچا۔ اس لئے اس ہفتہ کے گزرنے کے بعد جواب کا پروگرام بنایا۔ خانخاناں کے خط کا جواب اور خواجہ عبداللہ کے خط کا جواب ارسال کر دیا ہے۔ اسے ملاحظہ کرلیں۔ اس دفعہ تمہارا فوج میں جانا فقیر کے نزدیک غیر معقول نظر آتا ہے۔ معلوم